Higher School Certificate (HSC) minimum standard parent meeting request

ہائر سکول سرٹیفکیٹ (HSC) کا کم از کم معیار، والدین سے میٹنگ کے لیے درخواست

Name of student
طالبعلم کا نام

Name of parent
والد/والدہ کا نام

Date for meeting
میٹنگ کی تاریخ

محترم/محترمہ

میرے اس خط کا مقصد آپ کو HSC کے کم از کم معیار کے بارے میں یاد دہانی کرانا ہے۔ طالبعلموں کو HSC کی سند حاصل کرنے کے لیے پڑھنے، لکھنے اور حساب میں ایک کم از کم معیار کو حاصل کرنا ہو گا۔ یہ معیار پڑھنے، لکھنے اور حساب کے آن لائن ٹیسٹوں سے طے کیا جاتا ہے۔

اس مرحلے پر آپ کے بچے نے ابھی HSC کا کم از کم معیار حاصل نہیں کیا ہے لہذا یہ خطرہ ہے کہ اسے HSC کی سند نہ ملے۔

آپ کے بچے نے اس مہارت میں معیار حاصل نہیں کیا ہے:

- ☐ Reading
  پڑھنا
- ☐ Numeracy
  حساب
- ☐ Writing
  لکھنا

میں آپ کے بچے کو HSC کا کم از کم معیار حاصل کرنے کا ہر موقع اور اس سلسلے میں آپ کو اپنے بچے کی مدد کرنے کا ہر موقع دینا چاہتا/چاہتی ہوں۔

میں آپ کو اوپر لکھی تاریخ پر بات چیت کے لیے میٹنگ میں آنے کی دعوت دینا چاہتا/چاہتی ہوں تاکہ آپ، آپ کا بچہ اور سکول ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے آپ کے بچے کے تعلیمی پلان پر اکٹھے بات کر سکیں۔ میٹنگ میں HSC کے حوالے سے آپ کے بچے کے ارادوں، لکھنے پڑھنے اور حساب کے لیے دستیاب مدد اور سکول کے بعد کے مواقع پر بات چیت ہو گی۔ آپ کا شامل ہونا بہت اہم ہے۔

HSC کے کم از کم معیار کے ٹیسٹ کے نتائج NSW ایجوکیشن سٹینڈرڈز اتھارٹی(NESA) کی ویب سائیٹ پر آپ کے بچے کے Student Online اکاؤنٹ میں دستیاب ہیں۔ ہم میٹنگ میں بھی ایک کاپی مہیا رکھیں گے۔

اگر آپ اس میٹنگ میں انٹرپریٹر (مترجم) لینا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی سکول سے رابطہ کریں اور سکول انٹرپریٹر دستیاب ہونے کی صورت میں انٹرپریٹر کا انتظام کر دے گا۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر کی مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 13 14 50 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر سکول کو فون کرے گا اور لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپکی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

نیک تمناؤں کے ساتھ،

پرنسپل (Principal)

HSC کے کم از کم معیار کی پالیسی کے بارے میں مزید معلومات NESAکی ویب سائیٹ سے مل سکتی ہیں
https://educationstandards.nsw.edu.au/wps/portal/nesa/11-12/hsc/hsc-minimum-standard